علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: فقہ القرآن-2(1965) سمسٹر: بہار **2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ سکیں جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر: **100** (یونٹ نمبر: 1تا5) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر-1 کسب کے بارے میں تین آیات اور تین احادیث مع ترجمہ پیش کیجئے۔ (20)

سوال نمبر-2 تجارت کی اقسام پر مشتمل ایک مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر-3 نکاح کی تعریف واہمیت پر جامع نوٹ قلمبند کریں۔ نکاح کے فوائد قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر-4 طلاق کی تعریف اور مفہوم پر جامع نوٹ قلمبند کریں نیز طلاق مسنون کی غرض وغایت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر-5 درج ذیل پر نوٹ لکھیں۔ (20)

۱۔ ظہار ۲۔ قذف ۳۔ ایلاء ۴۔ لعان

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر: **100** (یونٹ نمبر: 5تا9) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر1۔ یمین کا معنی، شرعی ثبوت اور قسمیں بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر-2 حرام مطعومات سے کیا مراد ہے؟ نیز وما اُھل لغیر اللہ بہ پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر-3 وراثت کے باب میں اصحاب الفروض، عصبات اور ذوی الارحام پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر-4 اسلامی سزاؤں کی اقسام بیان کریں نیز قصاص کے حوالے سے اسلامی احکامات پر تفصیلاً بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر-5 صلح ومعافی کا اسلامی تصور بیان کیجئے نیز حرابہ کی سزا پر مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)